© rasailojaraid.com



# دارالعلوم کے شب و روز

شفیق فاروقی

**تعطیلات رمضان وعید** | دارالعلوم میں ۱۰ رشعبان المکرم سے دس شوال المکرم تک اسباق کی تعطیل رہی تاہم دفاتر اہتمام، الحق اور دارالافتا، وغیرہ بدستور مصروف رہے۔ شعبہ کتب خانہ میں بھی جلد بندی کا کام جاری رہا۔ اور تعمیرات کا شعبہ بھی پورے زور و شور سے مصروف کار رہا۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ کی صحت بحمداللہ بہتر رہی۔ روزے اور تراویح میں قرآن کریم سننے کا سلسلہ بغیر انقطاع جاری رہا۔ عیدالفطر کے دن عیدگاہ میں ہزاروں افراد نے نماز عید سے قبل حسب دستور حضرت مدظلہ نے خطاب فرمایا اور امور کے علاوہ افغانستان کے جہاد اور عالم اسلام بالخصوص پاکستان پر اشتراکیت کے منڈلانے والے خطرات سے سامعین کو آگاہ کیا اور جہاد کی فتح اور ملک و ملت کی سلامتی کے لئے دعائیں کیں۔

**نئے تعلیمی سال کا آغاز** | ۱۰ رشوال سے نئے تعلیمی سال کا آغاز ہو چکا ہے طلبہ جوق در جوق آرہے ہیں اور داخلے جاری ہیں۔ درس نظامی کے اعلیٰ درجات کے لئے ایک نئے جید اور بزرگ عالم دین حضرت مولانا فضل الٰہی المعروف بہ شاہ منصور صاحب حق صاحب کی تقرری بھی ہو چکی ہے۔ پیر ۲۳ رشوال کو حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے ایک بڑی تقریب میں درس ترمذی شریف سے اسباق کا افتتاح فرمایا۔ حضرت مدظلہ سال سابق کی طرح انشاءاللہ اس سال بھی ترمذی اور بخاری شریف کے کچھ حصے خود پڑھائیں گے۔

**شعبہ حفظ و تجوید** | ایک مستقل دارالحفظ والتجوید کے قیام اور شایان شان تعمیر کا سلسلہ پچھلے سال سے جاری ہے۔ یہ تعمیر لاکھوں روپے سے بحمداللہ مکمل ہو کر دعوت نظارہ دے رہی ہے اب اس کی روغن اور سفیدی وغیرہ ہو رہی ہے۔ اور اس شعبے کے لئے قراء و حفاظ کی تقرری ہو چکی ہے۔ اور طلبہ بھی داخل کئے جا رہے ہیں۔ اس ماہ کے آخر میں یہ شعبہ انشاءاللہ کام شروع کر دے گا۔

**احاطہ مدنیہ کی تکمیلی عمارت** | دورۂ حدیث شریف کے طلبہ کے ہاسٹل احاطہ مدنیہ کا مغربی حصہ نامکمل تھا۔ اور ان طلبہ کو قیام میں دقت پیش آتی رہی۔ اب ۲۱ راگست کو حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے دیگر اساتذہ کی موجودگی میں اس تکمیلی حصہ کا سنگ بنیاد رکھا۔ اللہ کے فضل و کرم اور اہل خیر کی امداد کی توقع پر اس کی تعمیر بھی شروع ہو گئی ہے اس بلاک میں ۹ کمرے طلبہ کی رہائش کے لئے ہوں گے۔ اور زیریں حصہ میں طلبہ کے لئے غسل خانے اور بیت الخلاؤں



© rasailojaraid.com